## COMMISSION SLAB

| Slab Rang | Delivery (Buy & Sell) | | Same Day (One Side) | |
|---|---|---|---|---|
| < 1 | 0.025 | Paisa | 0.025 | Paisa |
| < 2 | 0.03 | Paisa | 0.03 | Paisa |
| < 5 | 0.04 | Paisa | 0.04 | Paisa |
| < 10 | 0.05 | Paisa | 0.05 | Paisa |
| < 20 | 0.06 | Paisa | 0.06 | Paisa |
| < 30 | 0.066 | Paisa | 0.066 | Paisa |
| < 40 | 0.07 | Paisa | 0.07 | Paisa |
| < 50 | 0.075 | Paisa | 0.075 | Paisa |
| < 60 | 0.09 | Paisa | 0.09 | Paisa |
| < 70 | 0.105 | Paisa | 0.105 | Paisa |
| < 80 | 0.12 | Paisa | 0.12 | Paisa |
| < 90 | 0.135 | Paisa | 0.135 | Paisa |
| < 100 | 0.15% | of Value | 0.15 | of Value |
| < MAX | 0.15% | of Value | 0.15 | of Value |

## Schedule of Charges

CVT @ 0.01% on Buy "Value of shares"
FED @ 16% on Commission Value
CDC Sub A/C & UIN Charges First Time Rs. 1,000/= and Rs. 1,000/= Annual Renewal.
Account closing Charges Rs. 500/=
CDC Shares DepositFee:Rs. 500/= (Up to 1000 Share)&Rs. 0.50/= Per Share (Above 1000 Shares)
Courier Charges Rs. 75/= (on Request)
CDC Shares Custody Charges
Biometric Verification Charges
CGT (Capital Gain Tax)
CGT Tariff Charges (As per Slab attached).

| | | |
|---|---|---|
| a | Traded values less than Rs.100, 000 | 0 |
| b | Traded values from Rs.100,000 and less than Rs.5 Million | 440 |
| c | Traded values from Rs.5 Million and less than Rs.10 Million | 560 |
| d | Traded values from Rs.10 Million and less than Rs.50 Million | 1,200 |
| e | Traded values from Rs.50 Million and less than Rs.100 Million | 2,700 |
| f | Traded values from Rs.100 Million and less than Rs.500 Million | 7,200 |
| g | Traded values from Rs.500 Million and less than Rs.1 Billion | 30,200 |
| h | Traded values from Rs.1 Billion and less than Rs.5 Billion | 40,200 |
| i | Traded values Rs.5 Billion and above | 60,200 |

**Account Holder:__________________** **Broker: __________________**

- CGT Computation Fee: Fixed Fee (Bio Annual) is charged by the NCCPL & ASPL for computation and determination of CGT on the total value of transactions as per the above schedule:

# ہدایات برائے سرمایہ کار

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اکثر محسوس کیا ہے کہ سرمایہ کاری سے متعلق فیصلوں یا اسٹاک بروکرز کے ساتھ لین دین کرتے وقت احتیاط اور توجہ سے کام نہیں لیتے۔ اس غیر محتاط طریقہ کار کی وجہ سے عموماً تنازعات پیدا ہوتے ہیں جن کی وجہ سے سرمایہ کار غیر محفوظ ہوتے ہیں اور شکایات جنم لیتی ہیں۔ سرمایہ کاروں کے مفادات کے تحفظ کے لئے مندرجہ ذیل سفارشات شائع کی جارہی ہیں۔

(الف) براہ کرم اس بات کو یقینی بنائیں کہ۔

1۔ خرید و فروخت کے تمام آرڈر تحریر میں ہوں اور انکا ریکارڈ رکھا جائے۔

2۔ اگر آرڈر بذریعہ ٹیلیفون دیئے جائیں تو ان کی تحریری تصدیق جلد از جلد اسٹاک بروکر سے حاصل کرلیں۔

3۔ خرید و فروخت کی تحریری تصدیق ہمیشہ ترجیحاً اسی دن حاصل کرلیں۔

4۔ تمام ادائیگی بصورت چیک/ پے آرڈر/ ڈیمانڈ ڈرافٹ وغیرہ ہونی چاہیئے جو اسٹاک بروکر (ایکسچینج کے ممبر) کے نام ہوں اور ان کی رسیدیں حاصل کی جائیں۔ کوئی بھی ادائیگی کسی اسٹاک بروکر کے ملازم یا اس کے ایجنٹ کے نام نہیں ہونی چاہیے۔ نقد ادائیگی کی صورت میں یقینی بنائیں کہ اسٹاک بروکر سے رسید ذاتی طور پر حاصل کی جائے۔ کوئی دوسری رسید جائز اور قانونی تصور نہیں کی جاتی۔

5۔ تمام وصولیاں بذریعہ چیک/ پے آرڈر/ ڈیمانڈ ڈرافٹ وصول کی جائیں جسے صرف اسٹاک بروکر جاری کرے۔ کوئی ایجنٹ یا کوئی اور شخص ادائیگی کا مجاز نہیں۔

6۔ اگر سرمایہ کار کسی اسٹاک بروکر کے ایجنٹ کے ساتھ لین دین کررہا ہو تو اس صورت میں وہ ایجنٹ یا ملازم قانونی طور پر مجاز ہو اور تمام رسیدیں/ تصدیق نامے/ ڈیلوریز ایسی اسٹیشنری پر دی جائیں جس پر اسٹاک بروکر کا باقاعدہ نام چھپا ہوا ہو۔

7۔ حصص کے دستی لین دین کا باقاعدہ اندراج کیا جائے اور اس کا ریکارڈ رکھا جائے

8۔ جہاں حصص سنٹرل ڈیپازٹری سسٹم کے تحت نہ ہوں وہاں تمام خریداریوں کا قبضہ وصولی 14 دن کے اندر حاصل کیا جائے۔ اگر اسٹاک بروکر کی طرف سے حصص کے لین دین میں ناکامی ہو تو معاملہ فوری طور پر اسٹاک ایکسچینج کے علم میں لایا جائے۔

9۔ جہاں اسٹاک بروکر کا دفتر اسٹاک ایکسچینج کی عمارت سے باہر اسی شہر یا کسی دوسرے شہر میں واقع ہو تو ایسی صورت میں ایسا دفتر اسٹاک بروکر کا باضابطہ ایجنٹ/ ملازم ہی قائم کر سکتا ہے اور ایسا دفتر کھولنے کا اجازت نامہ اسٹاک ایکسچینج سے حاصل کیا گیا ہو۔

(ب) درج ذیل باتوں سے گریز کریں۔

1۔ اپنی کوئی بھی رقم اسٹاک بروکر کے پاس مقررہ منافع پر ''بدلہ کاروبار'' کے طور پر جمع نہ کرائیں۔ ایسی سرمایہ کاری کی کوئی قانونی حیثیت نہیں ہوتی اور نتیجتاً سرمایہ کاری کی رقم ضائع ہونے کا بڑی حد تک اندیشہ رہتا ہے۔ البتہ Carry Over) COT Transaction Regulations) کے تحت بیک وقت خرید و فروخت کے سودے کئے جاسکتے ہیں جس کی کنفرمیشن تحریری طور پر حاصل کی جائے اور ادائیگی کے ساتھ شیئرز کی ڈیلیوری حاصل کی جائے۔

2۔ مارکیٹ میں پھیلی ہوئی افواہوں پر اعتبار نہ کریں اور ہمیشہ سمجھ بوجھ کے ساتھ سرمایہ کاری کے فیصلے کریں۔ سرمایہ کاری کی نوعیت اور ان سے وابستہ خطرات کو اچھی طرح سمجھ لیں۔ جہاں تک ممکن ہو سرمایہ کار تمام مالیاتی گوشواروں کا اچھی طرح مطالعہ کریں۔ سرمایہ کاری کرنے سے پہلے ماہرانہ مشورہ حاصل کریں۔

(پ) ان باتوں سے خبردار رہیں۔

1۔ اسٹاک ایکسچینج کی عمارت کے باہر واقع وہ تمام دفاتر جو متعلقہ اسٹاک بروکر اور اسٹاک ایکسچینج کی باضابطہ اجازت کے بغیر کھولے گئے ہوں قانوناً حصص کا کاروبار کرنے کے مجاز نہیں۔ ان دفاتر میں کی گئی سرمایہ کاری کو قانونی تحفظ نہیں اور اس میں نقصان کا اندیشہ ہے۔

2۔ کسی اسٹاک بروکر کو یہ اختیار نہیں کہ وہ اپنے گاہک کے حصص کو گروی رکھ کر بینک سے حاصل کرے۔ اگر سرمایہ کار اپنے حصص اسٹاک بروکر سے وصول نہیں کرتا تو وہ اپنے نقصان کا خطرہ مول لیتا ہے۔

(ت) سرمایہ کاروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ:

1۔ پوری رقم ادا کرکے حصص خریدیں اور ان کا قبضہ فوری طور پر ضابطہ کی کاروائی کے مطابق حاصل کریں۔ مارکیٹ میں باضابطہ کاروبار سے ہٹ کر دیگر مروجہ طریقہ کار کے تحت کی گئی سرمایہ کاری میں نقصان کا قطعی احتمال ہے۔

2۔ اگر سرمایہ کار مقررہ مدت کے اندر اپنی ذمہ داری پوری نہیں کرتا تو اسٹاک بروکر کو اختیار حاصل ہے کہ وہ اپنی حفاظت کے لئے اس کے حصص مارکیٹ ریٹ پر فروخت یا خرید کرلے۔

اگر سرمایہ کار نے اسٹاک بروکر کی وساطت سے سی ڈی سی کے ساتھ کوئی ذیلی اکاؤنٹ رکھا ہوا ہو تو اس کو چاہیئے کہ:

(ا) کہ وہ سیٹلمنٹ کی تاریخ کے فوراً بعد اسٹاک بروکر سے سب اکاؤنٹ میں حصص کی منتقلی کے متعلق تحریری تصدیق حاصل کرے۔

(ب) وقتاً فوقتاً اپنے حصص کی صورتحال معلوم کرتا رہے اور سی ڈی سی سے تصدیق بھی کراتا رہے۔

(ج) اس بات کی اجازت نہ دی جائے کہ اسٹاک بروکر آپ کے حصص گروی رکھ کر بینک سے قرضہ حاصل کرے۔

3۔ سرمایہ کار کے لئے ضروری ہے کہ وہ جلد از جلد اپنا اکاؤنٹ CDC میں کھولے۔ جس سے اس کو سرمایہ کاری میں تحفظ ملے گا۔

4۔ مطلوبہ ہوم ورک کریں اور سرمایہ کاری کے لئے ایسے مواقع شناخت کریں جو آپکی سرمایہ کاری کے تمام تر مقاصد کی روشنی میں موزوں ہوں